1347 ـ مسلمانوں كے ليے شريعت اسلاميہ كے مطابق ذبح كو ممكن بنانا

سوال

ہمارے فارم ميں ميرے پاس بكرياں ہيں، كچھ مسلمانوں نے مجھ سے مطالبہ كيا ہے كہ يہ بكرياں انہيں فروخت كر دوں، ميرا سوال يہ ہے كہ:
كيا مجھ پر ضرورى ہے كہ ميرے پاس فارم ميں مخصوص جگہ ہونى چاہيے جہاں وہ انہيں ذبح كر سكيں؟ (اس طرح كہ ميرے پاس انہيں چيك كرنے والا ہو، اور آسانى مہيا كى جائے)
ميں بكرياں فروخت كرنا چاہتا ہوں، ليكن ميں اپنے اور سركارى ادارے كے درميان مشكلات پيدا نہيں كرنا چاہتا ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اگر آپ مسلمانوں كے ليے شريعت اسلاميہ كے مطابق جانور ذبح كرنا ممكن بنا سكتے ہيں تو يہ بہت بھلائى اور خير عظيم ہے، اور اگر ايسا نہيں كر سكتے تو پھر آپ انہيں وہ بكرياں زندہ فروخت كرديں، اور وہ خود ہى ذبح كرليں گے.

ليكن ميں آپ كو اس پر ابھارتا ہوں كہ آپ كے ليے جتنا بھى ممكن ہو سكے مسلمانوں كے ليے جانور ذبح كرنے ميں معاونت كريں، كيونكہ ہو سكتا ہے انہيں آپ كے فارم كے علاوہ كوئى اور مناسب جگہ نہ مل سكے.

اللہ تعالى ہميں اور آپ كو ہر قسم كى بھلائى اور خير كى توفيق عطا فرمائے.

واللہ اعلم .